PAPER CODE NUMBER: 1026

2018 (A)

رول نمبر 698696

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I (جماعت نہم)

اردو (لازمی) (نیو کورس)

وقت = 20 منٹ

گروپ - دوسرا

حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) ــــــ کے لغوی معنی سوار کے پیچھے بیٹھنے والے کے ہیں۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(2) تشبیہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ (A) تین (B) پانچ (C) سات (D) آٹھ

(3) اصطلاح میں غزل یا قصیدے کے پہلے شعر کو کہا جاتا ہے۔ (A) مطلع (B) مقطع (C) ردیف (D) قافیہ

(4) " موج " کی جمع ہے۔ (A) مواج (B) موجی (C) موجیں (D) امواج

(5) " سُکان " کا واحد ہے۔ (A) ساکن (B) سُکن (C) ساقی (D) مسکن

(6) " ملک " کی مؤنث ہے۔ (A) مالکہ (B) ملکہ (C) شہزادی (D) شہزادن

(7) " تقدیم " کا متضاد ہے۔ (A) مخالف (B) ضعف (C) تاخیر (D) تقدیر

(8) " عاقل " کا مترادف ہے۔ (A) شوق (B) خوشی (C) اعتماد (D) دانا

(9) حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان ــــــ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا۔ (A) مکہ (B) مدینہ (C) طائف (D) یمن

(10) فواکہ میں غالب کو بہت مرغوب تھا۔ (A) خربوزہ (B) تربوز (C) آم (D) آڑو

(11) قوم کی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے۔ (A) کاہلی چھوڑ کر (B) فکرمندی چھوڑ کر (C) خوش وخرم رہ کر (D) پریشان رہ کر

(12) سانحہ پشاور پیش آیا۔ (A) 13 دسمبر 2014ء کو (B) 14 دسمبر 2014ء کو (C) 15 دسمبر 2014ء کو (D) 16 دسمبر 2014ء کو

(13) بحوالہ سبق " قدر ایاز " " الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہرزاویے سے تھا"۔ (A) مدبرانہ (B) امیرانہ (C) خاکسارانہ (D) عاجزانہ

(14) سبق " آرام وسکون " میں گھریلو ملازم کا نام تھا۔ (A) کلو (B) للو (C) بلو (D) ٹلو

(15) سبق " نصوح اور سلیم کی گفتگو " میں میاں اکیلے بیٹھے ــــــ ۔ (A) شطرنج کھیل رہے تھے (B) کھانا کھا رہے تھے (C) کتاب پڑھ رہے تھے (D) لکھ رہے تھے

MTN-9-1-18



ParhloPakistan.com

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

اردو ( لازمی ) ( نیو کورس ) وقت = 2.10 گھنٹے

گروپ ۔ دوسرا

## حصہ اِنشائیہ

کل نمبر = 60

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم — کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) سنی ہم نے طوطی و بلبل کی باتیں — ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو — نا آشنا ہے قاعدہ روزگار سے

( حصہ غزل )

(i) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اسی خانہ خراب کی سی ہے

(ii) زنخداں سے آتش محبت رہی — کنویں میں مجھے دل ڈبویا کیا

(iii) ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

### حصہ دوم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔ 10

(الف) ترکش سے فال کے تیر نکالے کہ حملہ کرنا چاہیے یا نہیں؟ جواب میں '' نہیں '' نکلا، لیکن سواونٹوں کا گراں بہا معاوضہ ایسا نہ تھا کہ تیر کی بات مان لی جاتی۔ دوبارہ گھوڑے پر سوار ہوا اور آگے بڑھا۔ اب کی بار گھوڑے کے پاؤں گھٹنوں تک زمین میں دھنس گئے۔

(ب) کوا باورچی خانے کے پاس بہت مسرور رہتا ہے۔ ہر لقمے کے بعد کچھ نہ کچھ اٹھا کر کسی اور کے لیے کہیں پھینک آتا ہے اور درخت پر بیٹھ کر سوچتا ہے کہ زندگی کتنی حسین ہے۔ کہیں بندوق چلے تو کوے اسے ذاتی توہین سمجھتے ہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ 2 x 5 = 10

(i) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟

(ii) خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

(iii) سلیم نے چار لڑکوں کی کیا خوبیاں بیان کیں؟

(iv) صحت مند رہنے کے لیے کون سی باتیں ضروری ہیں؟

(v) بندوق چلے تو کوے کیا کرتے ہیں؟

(vi) شاعر '' امیر مینائی '' اپنی جرأت اور آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟

(vii) اقبالؒ نے ڈالی اور شجر سے کیا مراد لیا ہے؟

(viii) خواجہ حیدر علی آتش کی عمر کیسے بسر ہوئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) امتحان (ii) آرام وسکون 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم '' برسات کی بہاریں '' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ اپنے ہیڈ ماسٹر صاحب / ہیڈ مسٹریس صاحبہ کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

بڑے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں انہیں اپنی خیریت کے بارے میں اطلاع دینے کی یاددہانی ہو۔ 10

8۔ '' جس کا کام اسی کو ساجھے '' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔

یا

'' دکاندار اور خریدار '' کے درمیان مہنگائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) میں نے اکرم دیکھا۔ (ii) امجد نے کراچی جانا ہے۔ (iii) میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

(iv) ریوڑ جنگل میں چر رہی ہے۔ (v) عید کا سورج ہونا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) آ بیل ________ (ii) آدمی کا شیطان ________ (iii) باسی کڑھی ________

(iv) بد اچھا ________ (v) جس کی لاٹھی ________

MTN-9-1-18

3-2018(A)-62000 (MULTAN)

ParhloPakistan.com